گو نفس و جبہ غبار جرات خنجر آشکار
در تپش آباد شوق سرمہ صدا نام ہے

غفلت افسردگی تہمت تمکین نہو
ای ہمہ خواب گران حوصلہ بدنام ہے

بزم وداع نظر یاس طرب نامہ بر
فرصت رقص شرر بوسہ بہ پیغام ہے

گریہ طوفان رکاب نالہ محشر عنان
بےسروسامانی فتنہ سرانجام ہے

در

ہجوم مستی یہانتک سرنگونی مجکو حاصل ہے
کہ تار دامن و تار نظر مین فرق مشکل ہے

ہوئی مانع عاشق نوازی ناز خودبینی
تکلف بر طرف آئینہ تمیز حایل ہے

بسمل اشک خون آلودہ سنگ مژگاں کا | خون تو بحر جوہائے جنوں کا حاصل

بہا ہے یاں تک اشکوں میں غبار کلفت خاطر | کہ چشم تر میں ہر یک پارۂ دل پائے در گل ہے

نکلتی ہے تپش میں بسملوں کی برق کی شوخی | غرض اب تک خیال گرمی رفتار قاتل ہے

وہ گل جس گلستاں میں جلوہ فرمائی کرے غالب | چٹکنا غنچۂ گل کا صدائے خندۂ دل ہے

ہم زباں آیا نظر فکر سخن میں تو مجھے | مردمک ہے طوطی آئینۂ زانو مجھے

خاک فرصت بر سر ذوق فنا اے انتظار | ہے غبار شیشۂ ساعت رم آہو مجھے

یاد مژگاں میں بہ نشترزار سودائے خیال | چاہیے وقت تپش یک دست صد پہلو مجھے

اضطراب عمر بے مطلب نہیں آخر کہ ہے | جستجوئے فرصت ربط سر زانو مجھے

چاہیے درمان ریش دل بھی تیغ یار سے | مرہم زنگار ہے وہ وسمۂ ابرو مجھے

کثرت جور و ستم سے ہو گیا ہوں بے دماغ | خوبرویوں نے بنایا غالب بد خو مجھے

تشنۂ خون تماشا جو وہ پانی مانگے — آئینہ رخصت انداز روانی مانگے

رنگ نے گل سے دم عرض پریشانی بزم — برگ گل ریزۂ مینا کی نشانی مانگے

زلف تحریر پریشان تقاضا ہے مگر — شانہ ساں مو بزباں خامۂ مانی مانگے

آمد خط سے نہ کر خندۂ شیریں کہ مباد — چشم مور آئینۂ دل نگرانی مانگے

ہوں گرفتار کمیں گاہ تغافل کہ یہاں — خواب صیاد سے پرواز گرانی مانگے

چشم پرواز و نفس خفتہ مگر ضعف امید — شہپر کاہ پئے مژدہ رسانی مانگے

تو وہ بدخو کہ تحیر کو تماشا جانے — دل وہ فسانہ کہ آشفتہ بیانی مانگے

وحشت شور تماشا ہے کہ چوں نکہت گل — نمک زخم جگر بال فشانی مانگے

نقش ناز بت طناز بہ آغوش رقیب — پائے طاؤس پئے خامۂ مانی مانگے

وہ تب عشق تمنا ہے کہ جوں رشتۂ شمع — شعلہ تا نبض جگر ریشہ دوانی مانگے

کرملی حضرت بیدل کہ خط لوح مزار ۔۔۔ ہے آئینہ پرداز معانی [illegible]

علائی مرزا [illegible]

باعث واماندگی ہے عمر فرصت جو مجھے ۔۔۔ کر دیا ہے پا بزنجیر رم آہو مجھے

پابدامن ہو رہا ہوں بسکہ میں صحرا نورد ۔۔۔ خار پا ہیں جوہر آئینۂ زانو مجھے

فرصت آرام غش ہستی ہے بحران دوام ۔۔۔ ہے شکست رنگ امکاں گردش پہلو مجھے

دیکھنا حالت مرے دل کی ہم آغوشی کے وقت ۔۔۔ ہے نگاہ آشنا تیرا سر ہر مو مجھے

ہوں سراپا ساز آہنگ شکایت کچھ نہ پوچھ ۔۔۔ ہے یہی بہتر کہ لوگوں میں نہ چھیڑے تو مجھے

ساز ایمائے فنا ہے عالم پیری [illegible] ۔۔۔ قامت خم سے ہے حاصل شوخی ابرو مجھے

ولہ

ہوئی گر میرے مرنے سے تسلی نہ سہی ۔۔۔ امتحاں اور بھی باقی ہو تو یہ بھی نہ سہی

خار خار الم حسرت دیدار تو ہے ۔۔۔ شوق گلچین گلستان تسلی نہ سہی

[illegible]

میسر ستان خم می منہ سی لگا تو نے | ایکدن کی نوا بزم میں ساقی نہ ہے
نقش قیس کی ہی چشم و چراغ صحرا | گر نہیں شمع سیہ خانہ لیلی نہ ہے
ایک سنگ کی سہ پہ وقوف ہے کہر کی رونق | نوحہ غم ہی سہی نغمہ شادی نہ ہے
نہ ستایش کی تمنا نہ صلہ کی پروا | نہوئی گر میری اشعار میں معنی نہ ہے
عشرت صحبت خوبان ہی غنیمت سمجھو | نہوئی اگر عمر طبیعی نہ ہے

ولہ

دل ہمارا از خود رفتہ تصور نما ہی ہے | کہ مژگان پر تنیدہ ابرستان سیر تعالی ہے
سرور نشہ گردش اگر کیفیت افزا ہو | نہان سرگرد باد دشت میں جام سفالی ہے
عروج نشہ ہی سر تا قدم قد چمن رویان | بجائی خود و گرنہ سرو بھی مینائی نہالی ہے
ہوا آمیہ جام بادہ عکس روی گلگون سے | نشان خال رخ داغ شراب پرتگالی ہے
بپائی خامہ موطی رہ وصف کمر کیجی | کہ تار جادہ سر منزل نازک خیالی ہے

گرفتہ نہیں ہیں

او ہنا قیامت قامتوں کا وقت آرایش
لباس نظم میں بالیدن مضمون عالی ہے

وم

نشہ مے بے چمن دود چراغ کشتہ ہے
جام داغ شعلہ اندود چراغ کشتہ ہے

رحم کر ظالم کہ کیا بود چراغ کشتہ ہے
نبض بیمار وفا دود چراغ کشتہ ہے

داغ ہمدیگر ہیں اہل باغ گر گل ہو شہید
لالہ چشم حسرت آلود چراغ کشتہ ہے

شور ہے کس بزم کی عرض جراحت خانہ کا
صبح یک زخم نمک سود چراغ کشتہ ہے

نامراد جلوہ ہر عالم میں حسرت گل کرے
لالہ داغ شعلہ فرسود چراغ کشتہ ہے

ہو جہاں تیرا دماغ ناز مست بیخودی
خواب ناز گلرخان دود چراغ کشتہ ہے

ہے دل افسردہ داغ شوخی مطلب
شعلہ آخر فال مقصود چراغ کشتہ ہے

ور

تغافل دوست ہوں میرا دماغ عجز عالی ہے
اگر پہلو تہی کیجے تو جا میری بھی خالی ہے

نیاں

بتان شوخ کا دل سخت ہے کا کستعد یا ہے
میری فریاد کو کہسار نا بجز نالی ہے

نشانی بے قرار شوق سیں زبان ہیں ہا ہے
لگی کانی ہیں و پیراہن سے تل تہالی ہے

سون کری ای حسن تجھ پر دس عل تہا ہے
نکا شوق کو صحرا ہی دیوان غزالی ہے

بیہ ہستی ہی ہا خاک کو ابر بہاری ہے
زبہ کیفیت کہ جام لبریز سنالی ہے

حرکت ہر بیاہ جام لبریز

رہا آباد عالم اہل ہمت کی ہوتی ہے
بھری ہیں جسقدر جام و سبو میخانہ خالی ہے

مت کہہ تعجب خبر دانی ہی منعم کا
کہ یہ نامرد ہی شیر افکن میدان قالی ہے

ولہ

کاوش دنیا پوشیدہ افسون ہی مجھے
ناخن انگشت خوبان لعل وارون ہی مجھے

ریشہ تہہ دوانیدن ہے رفتن زیر خاک
خنجر جلاد برگ بید مجنون ہی مجھے

ساقیا دی ایک ہی ساغر میں کو می کہ آتش
آرزوی بوسہ لبہای میگون ہی مجھے

موکی ہا ہمد گر خوش پیشانی سی جب سے
گردش جام تمنا دور گردون ہی مجھے

دیکھ لی جوشِ جوانی کی ترقی کبھی آپ | بدر کی مانند کاہش زافزون ہی مجھے
غنچگی ہی نفس سحر بن فکر ہی | وا شگفتن ہای دل در رہن مضمون ہی مجھے

گلشن کو تیری صحبت از بسکہ خوش آئی ہے | ہر غنچہ کا گل ہونا آغوش کشائی ہے
واں کنگر استغنا ہر دم ہی بلندی پہ | یہاں نالہ کو اور الٹا دعوائی رسائی ہے
آئینہ نفس سے بھی ہوتا ہی کدورت کش | عاشق کو غبار دل اک وجہ صفائی ہے
از بسکہ سکھاتا ہی غم ضبط کی انداز ے | داغوں کا نظر آنا خود چشم نمائی ہے
ہنگام تصور ہوں دریوزہ گر بوسہ | یہ کاسۂ زانو بھی اک جام گدائی ہے
وہ دیکھ کی حسن اپنا مغرور ہوا | صد جلوہ آئینہ یک صبح جدائی ہے

غزل

دلا عبث ہی تمنای خاطر افروزی | کہ بوسہ لب شیرین ہی اور گلو سوزی

طلسم آئینہ زانوی فکر ہی غافل | منور جس کو ہی سعی جلوہ اندوزے

ہوی ہی خون رشک دل اسکہ داغ بی آزے | اوگی ہی دود جگر سی شب سیہ روزے

بہ پرفشانی پروانہ چراغ فرا | کہ بعد مرگ بھی ہی لذت جگر سوزے

تپش تو کیا ہوی مشق پرفشانی ہے | رہا میں ضعف سی شرمندہ نوا آموزے

ہمیشہ پی کفش ہای سیم تنان | شعاع مہر سی کرتا ہی چرخ زردوزے

علا

محو آرامید کی سامان بی تابی کری | چشم میں تو ذری نمکدان تا شکر خوابی کری

آرزوی خانہ آبادی نی ویران تر کیا | کیا کروں گر سایہ دیوار سیلابی کری

نغمہ ہا وابستہ یک عقدہ تار نفس | ناخن تیغ تبان شاید کہ مضرابی کری

صبحدم وجلوہ ریز بی نقابی ہو اگر | رنگ رخسار گل خورشید مہتابی کری

رخنہای کہنسال کہتی ہین جون مردکے | ای خوشا گر آب تیغ ناز سیرابی کری

بادشاہی کا جہان یہ حال ہو تو پہر ۔ کیوں دلّی میں یہ ایک چیز نوابی کرے

ولہ

یوں بعد ضبط اشک پھروں گرد یار کے ۔ پانی پیے کسو پہ کوئی جیسے وار کے

سیماب پشت گرمی آئینہ دے ہے ہم ۔ حیران کیے ہوئے ہیں دل بیقرار کے

بعد از وداع یار بخون در طپیدہ ہیں ۔ نقش قدم ہیں ہم کف پائے نگار کے

ظاہر ہے ہم سے کلفت بخت سیاہ روز ۔ گویا کہ تختہ مشق ہیں خط غبار کے

حسرت سے دیکھ رہے ہیں ہم آب و رنگ گل ۔ مانند شبنم اشک ہیں مژگان خار کے

آغوش گل کشودہ برائے وداع ہے ۔ اے عندلیب چل کہ چلے دن بہار کے

ہم مشق فکر وصل و غم ہجر سے اسد ۔ لائق نہیں رہے ہیں غم روزگار کے

ولہ

بہ نقص ظاہری رنگ کمال طبع پنہان ہے ۔ کہ ہر معنی زبان لال میں ترجمان ہے

موج

خموشی جانہ زد چشم بی پروانگاہان ہے | غبار سرمہ بیاکن دسواد کرستان ہے

صفای اشکمین داغ جگر جلوہ دکھاتے ہین | پرتا دن کو یا برق بر چشم گریان ہے

بوی زلف مشکین سے دماغ آشفتہ ہم مت | کہ شاخ آہوان دو چراغ آسا پریشان ہے

تکلف بر طرف ہے جانستان تر لطف خوبان | نگاہ بی حجاب یار تیغ تیز عریان ہے

یہ فرط غم نی کی تلخ کیفیت سیادی | کہ صبح عید مجلو بتر از چاک گریبان ہے

ولہ

عاشق نقاب جلوہ جانانہ چاہیے | فانوس شمع کو پر پروانہ چاہیے

ہی وصل ہجر عالم تمکین و ضبط مین | معشوق شوخ و عاشق دیوانہ چاہیے

پیدا کرین دماغ تماشای سرو و گل | حسرت کشو کو ساغر و مینا نہ چاہیے

دیوانگان ہین حامل راز نہان عشق | ای بی تمیز گنج کو ویرانہ چاہیے

اوس لب سی مل ہی جایگا بوسہ کبھی تو ہان | شوق فضول و جرأت رندانہ چاہیے

ساقی بہار موسم گل ہی سرور بخش	پیمان سی ہم گذر گئی پیمانہ چاہیے
جادو ہی طرز گفتگو ہی یار کی	یہان حرف فسون نہین اگر افسانہ چاہیے

مکرر مولوی

جہان رندان موج مستان لہای پیالی کن ہے	طلسم شیشۂ صحبت کھلنے گرداب طوفان ہے
نہین ممکن دماجیدلن خبر کسب جمعیت	سویدا مین نفس مانند خط در نقطہ پنہان ہے
غبار دشت وحشت سرمہ ساز انتظار آیا	کہ چشم آبلہ مین طول میل راہ مژگان ہے
زبس دوش رم آہو پہ ہی محمل تمنا کا	جنون قیس سی ہی شوخی لیلا نمایان ہے
نقاب یار ہی غفلت نگاہی اہل بینش کے	مژہ پوشیدنی ہا پردہ تصویر عریان ہے
بند قبای یار ہی فردوس کا غنچہ	اگر وا ہو تو دکھلا دون کہ یک عالم گلستان ہے

رد

صبح سی معلوم آثار ظہور شام ہے	غافلان آغاز کار آئینہ انجام ہے

با

بسکہ ہیں صیاد راہ عشق میں محو کمیں
جادۂ رہ سر بسر مژگان چشم دام ہے

بسکہ تیری جلوۂ دیدار کا ہے اشتیاق
ہر بت خورشید طلعت آفتاب بام ہے

مستعد قتل یک عالم ہے جلاد فلک
کہکشاں موج شفق میں تیغ خوں آشام ہے

کیا کمال عشق نقص آباد گیتی میں ملے
پختگی ہائے تصور یاں خیال خام ہے

مہرباں ہو ساقی خورشید و مجلس فروز
وہاں بہ تار شعاع مہر خط جام ہے

مکرر ردیف نون

ہجوم نالہ حیرت عاجز عرض یک افغاں ہے
خموشی ریشۂ صد نیستاں سے خس بدنداں ہے

کیا ہے کس کو عرق نے موج نشہ رنگیں تر
خط رخسار ساقی تا خط ساغر چراغاں ہے

رہا بے قدر دل در پردۂ جوش ظہور آخر
گل و نرگس بہم آئینۂ اقلیم کوراں ہے

تکلف ساز رسوائی ہے غافل شرم رعنائی
دل خوں گشتہ دست حنا آلودیاں ہے

تماشا سرخوش غفلت ہے با وصف حضور دل
ہنوز آئینہ خلوتگاہ ناز ربط مژگاں ہے

تکلف بر طرف ذوق زلیخا جمع کر ورنہ
پریشانی آغوش وداع یوسفستان ہی

جمعیت دل در کنار بیخودی خوشتر
دو عالم آگہی سامان یک خواب پریشان ہی

۱۹

ای خوشا وقتی کہ ساقی یک خمستان وا کری
تار و پود فرش محفل پنبۂ مینا کری

گر تب آسودۂ مژگان تصرف وا کری
رشتۂ پا شوخی بال الف پیدا کری

گر دکھاؤں صفحۂ بی نقش رنگ رفتہ کو
دست رد سطر تبسم یک قلم انشا کری

جو غبار از شہیدان نفس در دیدہ ہو
نوحۂ ماتم بہ آواز پر عنقا کری

حلقۂ گرداب جوہر کو نہ آزادی ہوے
عکس گرد طوفانی آئینہ دریا کری

یک در بر روی رحمت بستہ ہر شش جہت
ناامیدی سی خیال خانہ ویران کیا کری

ناتوانی سی ہمیں سر در گریبانی
ہوں سراپا یک خم تسلیم جو مولا کری

چاک کی خواہش اگر وحشت بعریانی کرے
صبح کے مانند زخم دل گریبانی کرے

میکدہ گر چشم مست ناز سے پاوے شکست
موئے شیشہ دیدۂ ساغر کی مژگانی کرے

خط عارض سے لکھا ہے زلف کو الفت نے عہد
یکقلم منظور ہے جو کچھ پریشانی کرے

ہاتھ پر گر ہاتھ مارے یار وقت قہقہہ
کرمک شب تاب آسا مہ پرافشانی کرے

وقت اس افتادہ کا خوش جو قناعت سے اسد
نقش پائے مور کو تخت سلیمانی کرے

[illegible]

چشم خوبان مے فروش نشہ زار ناز ہے
سرمہ گویا موج دود شعلۂ آواز ہے

ہے سر خامہ زیر تیغہائے استقبال ہا
نامہ خود پیغام کو بال و پر پرواز ہے

سرنوشت اضطراب انجامی الفت نہ پوچھ
نال خامہ خار در پیراہن آغاز ہے

نالۂ دل نغمہ ریزاں ہے مضراب خیال
رشتۂ پیمان نوا سامان بند ساز ہے

شرم ہے طرز تلاش انتخاب یکنگاہ
اضطراب چشم بر پا دوختہ غماز ہے

شوخیِ اظہار کو جز وحشتِ مجنوں — بسکہ لیلائے سخن محمل نشینِ راز ہے

خوابِ جمعیتِ مخمل ہے پریشاں مجھ سے — رگِ بستر کو ملی شوخیِ مژگاں مجھ سے

غمِ عشاق نہ ہو سادگی آموزِ بتاں — آرزو خانۂ آئینہ ہے ویراں مجھ سے

کنجِ تاریک و کمیں گیریِ اختر شمری — عینکِ چشم بنا روزنِ زنداں مجھ سے

اے تسلی ہوسِ وعدہ فریب افسوں ہے — ورنہ کیا ہو نہ سکی نالہ بساماں مجھ سے

بستنِ عہدِ محبت ہمہ نادانی تھا — چشمِ نکشودہ رہا عقدۂ پیماں مجھ سے

آتش افروزیِ یک شعلۂ ایما تجھ سے — چشمک آرائیِ صد شہر چراغاں مجھ سے

اے اسد دسترسِ وصلِ تمنا معلوم — کاش ہو قدرتِ برچیدنِ داماں مجھ سے

بہارِ تعزیت آبادِ عشق ماتم ہے — کہ تیغِ یار ہلالِ مہِ محرم ہے

ان

بہ رہن ضبط ہی آئنہ بندی گوہر
وگرنہ بحر مین ہر قطرہ چشم پرنم ہے

چمن مین کون ہی طرز آفرین شیوہ عشق
کہ گل ہی بلبل رنگین و غنچہ شبنم ہے

اگر نہ ہووی کہ خواب صرف شیرازہ
تمام دفتر ربط مزاج درہم ہے

اسد بہ نازکی طبع آرزو انصاف
کہ ایک وہم ضعیف و غم دو عالم ہے

ہر قدم دوری منزل ہی نمایان مجہ سے
میری رفتار سی بہاگی ہی بیابان مجہ سے

درس عنوان تماشا بہ تغافل بہتر
ہی نگہ رشتہ شیرازہ مژگان مجہ سے

وحشت آتش دلسی شب تنہائی مین
دود کیطرح رہا سایہ گریزان مجہ سے

اثر آبلہ کرتا ہی بیابان روشن
جادہ جون رشتہ گوہر ہی چراغان مجہ سے

بیخودی بستر تمہید فراغت ہو جو
پر ہی سایہ کی طرح میرا شبستان مجہ سے

شوق دیدار مین گر تو مجہی گردن مارے
ہون گل شمع سی نظارہ پریشان مجہ سے

بیکسی ہای شب ہجر کی وحشت ہی ہی
سایہ خورشید قیامت مین ہی پنہان مجہ سے

گردش ساغر صد جلوۂ رنگین تجہ سے
آئنہ داری یک دیدۂ حیران مجہ سے

نگہ گرم سی ایک آگ ٹپکتی ہی اسد
ہی چراغان خس و خاشاک گلستان مجہ سے

نظاریا نظر بچشم گریان ہے
حباب کہ پرتو خورشید شبنمستان ہے

زبان کام خموشان بوقت تلخی ضبط
برنگ پستہ بزہراب دادہ پیکان ہے

قبای جلوہ فزای لباس عریانی
بطرز گل رگ جان مجہ کو تار دامان ہے

لب گزیدہ معشوق ہی دل افگار
نشان زنش شمشیر زخم دندان ہے

کشود غنچہ دلہا عجب نہ کہہ غافل
صبا خرامی خوبان بہار سامان ہے

فغان کہ بہر شفای حصول نا شدنی
دماغ نارکش منت طبیبان ہے

جہان کہ علی بر سر نوازش ہو
کشاد عقدۂ دشوار کار آسان ہے

ولہ

بسکہ حیرت سے ز پا افتادۂ زنہار ہے
ناخن انگشت تبخال لب بیمار ہے

زلف سے شب درمیاں دادن نہیں ممکن دریغ
ورنہ صد محشر برہن صافی رخسار ہے

در خیال آباد سودای سر مژگان دوست
صد رگ جاں جادہ آسا وقف نشتر زار ہے

بسکہ ویرانی سے کفر و دیں ہوے زیر و زبر
گرد صحرای حرم تا کوچۂ زنار ہے

ای سر شوریدہ ناز عشق و پاس آبرو
یکطرف سودا و یکسو منت دستار ہے

وصل میں دل انتظار طرفہ رکھتا ہے مگر
فتنہ تاراج تمنا کے لیے درکار ہے

ایک جا حرف وفا لکھا تھا سو بھی مٹ گیا
ظاہرا کاغذ ترے خط کا غلط بردار ہے

خانمانہا پایمال شوخی دعوی اسد
سایہ دیوار سیلاب در و دیوار ہے

ولہ

تغافل مشربی سے ناتمامی بسکہ پیدا ہے
نگاہ ناز چشم یار میں زنار مینا ہے

دام گاہ عجز میں سامان آسائش کہاں — پرفشانی بھی فریب خاطر آسودہ ہے

اے ہجوم بے بساطی نارسائی ہائے شوق — جوئے طاؤس چمن میں داغ مشک اندودہ ہے

ہے مآل کار بہ بالا بر شکستن گرد نے — تیرگی سے داغ کی سیم مس اندودہ ہے

کیا کہوں پرواز کی آوارگی کی کشمکش — عافیت سرمایہ بال و پر نکشودہ ہے

ہے سواد خط پریشان موئے اہل غنا — خامہ بے سر شمع قبر کشتگاں کا دودہ ہے

جستجو آتی ہے من آزادہ سے بیگانگی — مرگ سے خشت نگر را عدم آمودہ ہے

بسکہ بینائی ہے کہہ تو ہم آئینہ گاں میں — سبزستان تا صبح سبزہ کو بیہودہ ہے

کثرت انشائے مضمون تحیر سے — ہر سر انگشت نوک خامہ فرسودہ ہے

بزم میں بے مستی حسرت تکلیف بے جا ہے — کہ جام بادہ کف بر لب تکلیف تقاضا ہے

نشاط دیدہ بینا ہے کو خواب جہ بیدا — بہم آوردہ مژگاں بستہ روئے تماشا ہے

ملائی شوخی اندیشہ تاب رنج نومیدی
کف افسوس ملنا عہد تجدید تمنا ہے

نگہ معمار حسرتہا چہ آبادی چہ ویرانی
کہ مژگان جس طرف وا ہو بکف دامان صحرا ہے

نسود آئی بلو مین کبسر رنگ بزدہ تم
بجولانگاہ نومیدی نگاہ عاجزان پا ہے

بہ سختی ہای قید زندگی معلوم آزادی
شرر دربند دام رشتۂ رگہای خارا ہے

باش مناسی رکہہ مید آزاد
گداز آرزو ہا ہے بیا آرزو ہا ہے

بہر پروردن سراسر لطف گستر سایہ ہے
پنجہ مژگان طفل اشک دست دایہ ہے

فصل گل میں دیدۂ خونین نگاہان جنون
دولت نظارۂ گل سے شفق سرمایہ ہے

شورش باطن سے یہان تک مجکو غفلت کی آہ
شیون دل اک سرود خانۂ ہمسایہ ہے

کیوں نہ تیغ یار کو مشاطۂ الفت کہون
زخم مثل گل سراپا کا مری پیرایہ ہے

ای : آبادی مجھسی جہان شاعر ہے
خامہ میرا تخت سلطان سخن کا پایہ ہے

چشم گریان بسمل شوق بہار دید ہے
اشک ریزی عرض بال افشانی امید ہے

داغ گردوں میں جا بجا ہی ہنگام وداع
کو ز تاب اشک دیدہ خورشید ہے

رتبۂ تسلیم خلقت مشربان عالی ہے جب
چشم قربانی گل شاخ ہلال عید ہے

کچھ نہیں حاصل تعلق میں بغیر از کشمکش
ای خوشا آزادگی کہ رنگ گلشن تجرید ہے

کثرت اندوہ سے حیران و مضطر ہی
یا علی وقت غیاثات و دم تائید ہے

فرصت آئینہ صد رنگ خود آرائی ہے
روز و شب یک کف افسوس تماشائی ہے

وحشت زخم وفا دیکھ کہ سر تا سر دل
بخیہ جون جوہر تیغ آفت گیرائی ہے

شمع آسا ہے سر دعوی کو پائی تاب
گل صد شعلہ بیک جیب شکیبائی ہے

نالہ خونین ورق و دل گل مضمون شفق
چمن آرائی نفس وحشت تنہائی ہے

بوی گل فتنہ بیدار چمن جامہ خواب
وصل ہر رنگ طپش کسوت رسوائی ہے

شرم طوفان خزاں رنگ طرب گاہ بہار
گل مہتاب بکف چشم تماشائی ہے

باغ خاموشی دل سے سخن عشق
نفس سوختہ رمز چمن ایمائی ہے

عیادت بسکہ تجھ سے گرمی بازار بستر ہے
فروغ شمع بالیں طالع بیدار بستر ہے

بذوق شوخی اعضا تکلف بار بستر ہے
معاف پیچ تاب کشمکش ہر تار بستر ہے

معمای تکلف سر بمہر چشم پوشیدن
گداز شمع محفل پیچش طومار بستر ہے

مژہ فرش رہ و دل ناتوان و آرزو مضطر
بپای خفتہ سیر وادی پرخار بستر ہے

سرشک سر بصحرا دادہ نور العین دامان ہے
دل بے دست و پا افتادہ برخوردار بستر ہے

بطوفان گاہ جوش اضطراب شام تنہائی
شعاع آفتاب صبح محشر تار بستر ہے

اسد جوش بہار دیدہ بیدار کی صدقے
ہماری دید کو خواب زلیخا عار بستر ہے

خطر ہی رشتہ الفت کا گردن بہو جاوے
عدو ہر دوستی آفت نئی دشمن بہو جاوے

بیابش خی مژگاں سر بسر خار سوزن ہے
تبسم برگ گلگونیہ دامن ہو جاوے

جراحت دوری باشی سے جاوے جو دریا ہوں
کہ رشتہ تار اشک دیدہ سوزن ہو جاوے

غضب شرم آفرین سے نگہ زیبای جو دیدے
سفیدی آئینی کی بند روزن ہو جاوے

سمجھ اس فصل میں کوتاہی نشو و نما :
اگر گل سرو کی قامت پیراہن ہو جاوے

نوائی خستہ الفت اگر بیتاب ہو جاوے
پر پروانہ تار شمع پر مضراب ہو جاوے

اگر وحشت فشاں لے پر و خرامی ہو
بیابان دو دہ آہو کف سیلاب ہو جاوے

پس طوفان آب گل ہی غافل کیا تعجب ہے
کہ ہر یک گردباد گلستاں گرداب ہو جاوے

اثر میں بہا تنک امید ست عا عجا بید اگر
کہ سجدہ قبضہ تیغ خم محراب ہو جاوے

اگر

بہ یک دل اگر ہزار رہ بند بیخودی ہے | ہزار آشفتگی مجموعۂ یک خواب ہو جاوے
بہ ہاو وصف عجز بی تکلف نالہ کا کردن | نفس بھی کی غبار خاطر احباب ہو جاوے

تا چند ناز مسجد و بتخانہ کھینچیے | جون شمع دل بخلوت جانانہ کھینچیے
بہ نقش یکدل صد چاک عرض کر | گر زلف یار کھینچ نسکی شانہ کھینچیے
راحت کمین شوخی تقریب نالہ ہے | پای نظر بدامن افسانہ کھینچیے
زلف پری بسلسلہ آرزو رسا | یک عمر دامن دل دیوانہ کھینچیے
یعنی دماغ غفلت ساقی رسیدہ تر | خمیازۂ خمار سی پیمانہ کھینچیے
پرواز آشیانہ عنقای ناز ہے | بال پری بہ وحشت بیجا نہ کھینچیے
عجز و نیاز سی تو نہ آیا وہ راہ پر | دامن کو اوسکی آج حریفانہ کھینچیے
ہی ذوق گریہ عزم سفر کیجی | رخت جنون سیل بویرانہ کھینچیے

دود مژہ براہ روبانیدن از دل تیز ہے
بہ زمین تا نیستان سخت ناوک تیز ہے

ہو سکی کیا خاک دست و بازوئے فرہاد سے
بیستون خواب گران خسرو پرویز ہے

ان ستمکیشوں کی کھائی ہیں بس تیر نگاہ
پردۂ بادام یک غربال حسرت بیز ہے

خونچکان ہے جادہ مانند رگ سودائیان
سبزۂ صحرائی الفت نشتر خونریز ہے

ہے بہار تیز رو گلگون نکہت پر سوار
یک شکست رنگ گل صد جنبش مہمیز ہے

جلوہ گل دیکھہ روی یار یاد آیا
جوشش فصل بہاری اشتیاق انگیز ہے

دامان دل بوہم تماشا نہ کھینچے
اے مدعی خجالت بیجا نہ کھینچے

گل سر بسر اشارۂ جیب دریدہ ہے
ناز بہار جز بہ تقاضا نہ کھینچے

حیرت حجاب جلوہ و وحشت غبار راہ
پائے نظر بدامن صحرا نہ کھینچے

واماندگی بہانہ و دل بستگی فریب
دردِ طلب بہ آبلہ پایانہ کھینچیے

گر صفحہ کو نہ دیجے روانی سادگی
جز خط عجز نقش تمنا نہ کھینچیے

خونابہ بن کی جای او آشنا کی ہاے
کیا فائدہ کہ منت بیگانہ کھینچیے

دیدار دوستان لباسی ہی ناگوار
صورت بکارخانۂ دیبا نہ کھینچیے

ہے بے خمار نشۂ خون جگر اسد
دست ہوس بگردن مینا نہ کھینچیے

زلف سیہ افعی نظر بد قلمی ہے
ہر چند خط سبز و زمرد رقمی ہے

ہے مشق وفا جانبی میں لغزش پا تک
اے شمع تجھے دعوی ثابت قدمی ہے

ہے عرض شکست آئینہ جرأت عاشق
جز آہ کہ سر لشکر وحشت علمی ہے

واماندۂ ذوق طرب وصل نہیں ہوں
اے حسرت بسیار تمنا کی کمی ہے

وہ بردہ نشین اور ... آئینہ اٹھانا
شہرت چمن فتنہ و عقا ارمی ہے

یارب اس آشفتگی کی داد کس سی چاہیے
رشک آسایش پہ ہی زندانیوں کی اب مجھے

صبح ناپیدا ہی کلفت خانۂ ادبار میں
نور ناہوتا ہی تک یکقلم ہر شب مجھے

شومئ طالع سی ہو ذوق معاصی میں اگر
نامۂ اعمال ہی تاریکی کوکب مجھے

درد ناپیدا و بیجا تہمت وارستگی
پردہ دار یاوگی ہی وسعت مشرب مجھے

بانگ دی تشنا دلی وہاں جسر کیا کروان
آرزو سی ہی شکست آرزو مطلب مجھے

دل لگا کر آپ بھی . مجھی سی ہو گئے
عشق سی آتی تھی مانع میرزا صاحب مجھے

بسکہ سودائے خیال زلف وحشت ناک ہے
تا دل شب آبنوسی شانہ آسا چاک ہے

بیہان غلامی یار کسکا نالۂ بیباک ہے
جادۂ نا کہسار موج جبین افلاک ہے

بی غم عالم ہا ریک صید بہ دلدل سوا
بیہان خط پرکار ہستی حلقۂ فتراک ہے

نہ جلوت بال و بر فرمن ہ اگر راہ شوق
جادۂ گلشن پر نکہت رشتۂ زیر خاک ہی

چمن میں گر نہ بچھواتو نی غبار سبزہ تری
عدم میں بھر و ق سر شست خاک باقی ہے

گداز سعی سینہ شکست دشوی نقش خود کا ہے
سراپا شبنم آئین یک نگاہ پاک باقی ہے

ہوا رنگ لباس زعفرانی دلکشا لیکن
ہنوز آفت نسبت بخندہ یعنی چاک باقی ہے

چمن آرا تمنا ہو کی صرف خزان لیکن
بہار زخم رنگ آلود حسرت ناک باقی ہے

نہ حیرت چشم ساقی کی نہ صحبت دو پیالے کی
نہ سیری محفلیں گردش افلاک باقی ہے

شکل طاؤس گرفتار بنایا ہے مجھے
ہوں وہ گلدام کہ سبزے میں چھپایا ہے مجھے

پر طاؤس تماشا نظر آیا ہے مجھے
ایک دل تھا کہ اسے چشم دکھایا ہے مجھے

حکم خط تا سخن ناصح دانا سرسبز
آئنہ صفۂ طوطی نظر آیا ہے مجھے

سنبلستان جنون ہوں شبنم نسبت زلف
ہوکشان خانہ زنجیر میں لایا ہے مجھے

گردباد آئنہ محشر خاک مجنون
یک بیابان دل بیتاب اٹھایا ہے مجھے

حیرت کا نند آتش زدہ سی جلوۂ عمر
نہ خاکستر صد آئینہ بنایا ہی مجھے

لالہ و گل ہمہ آئینہ اخلاق بہار
ہوں میں وہ داغ کہ پھولوں میں بسایا ہی مجھے

درد اظہار تپش کسوتی گل معلوم
ہوں میں وہ خاک کہ کانٹوں میں بسایا ہی مجھے

بیدماغ تپش عرض دو عالم فریاد
ہوں میں وہ خاک کہ ماتم میں اڑایا ہی مجھے

جام ہر ذرہ ہی سرشار تمنا مجھ سے
کس کا دل ہوں کہ دو عالم سے لگایا ہی مجھے

جوش فریاد سی لونگا دیت خواب
شوخی نغمۂ بیدل نے جگایا ہی مجھے

شوخی مضراب جولان آبیار نغمہ ہی
برگ ریز ناخن مطرب بہار نغمہ ہی

کس سی ای غفلت کھنچی تعبیر آگاہی سے
گوش ہا سیمابی و دل بیقرار نغمہ ہی

ساز عیش بیدلی ہی خانہ ویرانی مجھے
سیل ہاں کوک صدائی آبشار نغمہ ہی

سنبلی خوان ہی وقت تار گیسوی دراز
نالہ زنجیر مجنون رشتہ دار نغمہ ہی

ہونی

شوخی فریادی نمی‌دزدد بنوی گل | کسوت ایجاد بلبل خار خار نغمه است

نشئه‌ها شاداب رنگ و سازها سطر است | نشئه می سرسبز جوئبار نغمه است

همنشین مپسند کز برهم زدن بزم عیش یار | دهان تو سیری ماله کوبی اعتبار نغمه است

غفلت استعداد ذوق مدعا غافل | پنبه گوش حریفان بود و تار نغمه است

خودفروشی‌های هستی بسکه جای خنده است | ما شکست قیمت دلها صدای خنده است

شوخی اظهار دندانهای خنده است | دعوی جمعیت اسباب جای خنده است

بی عدم من غنچه‌ها حیرت کش انجام گل | یک جهان از تأمل در قفای خنده است

عیش دنیا بی حرام کلفت افسردگی | عرض دندان در دل افسردن بنای خنده است

نقش عبرت در نظر با نقد عشرت در بساط | دو جهان وسعت بقدر یک فضای خنده است

جای شهرای عشرت گوش هستی | صبح و شبنم فرصت نشو و نمای خنده است

حسنِ بے پروا خریدارِ متاعِ جلوہ ہے
آئینہ زانوئے فکرِ اختراعِ جلوہ ہے

عجزِ دیدن ہا بناز و نازِ رفتن ہا بچشم
جادۂ صحرائے آگاہی شعاعِ جلوہ ہے

اختلافِ رنگ و بو طرحِ بہارِ بیخودی
صلحِ کل گرد ادبگاہِ نزاعِ جلوہ ہے

تا کجا اے آگہی رنگِ تماشا باختن
چشمِ وا گردیدہ آغوشِ وداعِ جلوہ ہے

حسنِ خوباں بسکہ بے قدرِ تماشائی اسد
آئینہ یک دست ردِ التماسِ جلوہ ہے

جب تک دہانِ زخم نہ پیدا کرے کوئی
مشکل کہ تجھ سے راہِ سخن وا کرے کوئی

سر بر ہوئی نہ وعدۂ صبر آزما سے عمر
فرصت کہاں کہ تیری تمنا کرے کوئی

عالم غبارِ وحشتِ مجنوں ہے سر بسر
کب تک خیالِ طرۂ لیلا کرے کوئی

افسردگی نہیں طرب انشائے التفات
جوں درد دیری دلمیں مگر جا کرے کوئی

رونی سی اپنی نہ یم ملامت نکر مجھی
آخر کبھی تو عقدۂ دل وا کری کوئی

مثال جلوۂ عنقا کرے اپسی کن تاب
آئینہ خیال کو دیکھا کری کوئی

چاک جگر سی جیب دبر ستش نہ وا موئی
کیا فایدہ کہ جیب کو رسوا کری کوئی

بیکار بیچ نکوئی سی پرسینی کا شغل
جب ہاتھ ٹوٹ جانی تو پھر کیا کری کوئی

حسن فروغ شمع سخن دور ہی
پہلی دل گداختہ پیدا کری کوئی

جنون سودائی وارستگی زنجیر بہتر ہے
بقدر مصلحت دل تنگی تدبیر بہتر ہے

خوشا خود بینی تدبیر و غفلت نقد اندیشہ
بدین عجز اگر نامی تقدیر بہتر ہے

دل آگاہ تسکین خیز سدرد ہی نہو یارب
نفس آئینہ دار اوہی تاثیر بہتر ہے

خدایا خستہ تا دل دردی افسون آگاہی
نگہ حیرت سواد خواب بی تعبیر بہتر ہے

درون جن آئینہ جو ہر کی نسخہ خوان ہے
تبان نقش خود آرائی حیا تحریر بہتر ہے

تماشای قتل رقیب اور شکر کا سجدہ — دعا نہ مانگ دل محراب خم شمشیر دہر سے

وحشت کہاں کہ بیخودی انشا کری کوئی — ہستی کو لفظ معنی عنقا کری کوئی

ہی لخت دل سے جوں مژہ ہر خار شاخ گل — تا چند باغبانی صحرا کری کوئی

جو کچھ ہی محو شوخی ابروی یار ہے — آنکھوں کو رکھ کی طاق پہ دیکھا کری کوئی

ہی وحشت طبیعت ایجاد یاس خیز — یہ درد وہ نہیں کہ نہ پیدا کری کوئی

ناکامی نگاہ ہی برق نظارہ سوز — تو وہ نہیں کہ تجکو تماشا کری کوئی

عرض سرشک پی فضای زمانہ تنگ — صحرا کہاں کہ دعوت دریا کری کوئی

وہ شوخ اپنی حسن پہ مغرور ہی اسد — دکھلا کی اوسکو آئنہ توڑا کری کوئی

دریوزہ سامان ہا ای بی سروسامانی — ایجاد گریبان ہا در پردہ عریانی

شال

مثال تماشا ہا اقبال تمنا ہا
عجز ہی عروج ... آئینہ حیرانی

دعوای جنون باطل تسلیم غبار دل
پرواز فنا مشکل ہی عجز تن آسانی

بیگانگی خوہا موج رم آہو ہا
دام نگہ الفت زنجیر پشیمانی

پرواز تپش رنگی گلزار ہمہ تنگی
خون ہو قفس لمعہ ای ذوق پرافشانی

سنگ آمد و سخت آمد درد سر خودداری
معذوری سبکساری مجبور گرانجانی

گلزار تمنا ہون گلچین تماشا ہو
صد نالہ [illegible] بلبل دربند زباندانی

باغ تجھ بن گل نرگس سی ڈراتا ہی مجھے
چاہون گر سیر چمن آنکھ دکھاتا ہی مجھے

نالہ سرمایۂ یک عالم و عالم کف خاک
آسمان بیضۂ قمری نظر آتا ہی مجھے

جوہر تیغ بسرچشمۂ دیگر معلوم
ہون مین وہ سبزہ کہ زہراب اوگاتا ہی مجھے

مدعا محو تماشای شکست دل ہی
آئینہ خانہ مین کوئی لیی جاتا ہی مجھے

شور تمثال ہے کس رشکِ چمن کا یا رب
آئینہ بیضۂ بلبل نظر آتا ہے مجھے

حیرتِ آئینہ انجامِ جنوں ہوں جوں شمع
کس قدر داغِ جگر شعلہ اٹھاتا ہے مجھے

میں ہوں اور حیرتِ جاوید مگر ذوقِ خیال
بہ فسونِ نگہِ ناز ستاتا ہے مجھے

حیرتِ فکرِ سخن ساز سلامت ہے اسد
دل پسِ زانوئے آئینہ بٹھاتا ہے مجھے

کوہ کے ہوں بارِ خاطر گر صدا ہو جائیے
بے تکلف اے شرارِ جستہ کیا ہو جائیے

یاد رکھیے ناز ہائے التفاتِ اولیں
آشیانِ طائرِ رنگِ حنا ہو جائیے

بیضہ آسا ننگِ بال و پر ہے یہ کنجِ قفس
از سرِ نو زندگی ہو گر رہا ہو جائیے

لطفِ عشقِ ہر یک انداز دگر دکھلائیگا
بے تکلف یک نگاہ آشنا ہو جائیے

داد از دستِ جفائے صدمۂ ضرب المثل
گر ہمہ افتادگی جوں نقشِ پا ہو جائیے

وسعتِ مشرب نیازِ کلفتِ وحشت اسد
یک بیابان سایۂ بالِ ہما ہو جائیے

داغ پشت دست عجز شعلہ خس بدندان ہے
اے ہوس مبارک ہو کار عشق آسان ہے

کارگاہ ہستی میں لالہ داغ سامان ہے
برق خرمن راحت خون گرم دہقان ہے

حیرت طپیدنہا خونبہای دیدنہا
رنگ گل کے پردے میں آئینہ پرافشان ہے

عشق کے تغافل سے ہرزہ گرد ہے عالم
روی شش جہت آفاق پشت چشم زندان ہے

غنچہ تا شگفتنہا برگ عافیت معلوم
باوجود دلجمعی خواب گل پریشان ہے

گل بکوہ از لالہ بزم ساز بیتابی
شل دود مجمرہا داغ بال افشان ہے

اے کرم نہو غافل ورنہ ہے بیدل
از گہر صدف خالی پشت چشم نیسان ہے

گریہ سرشاری شوق بیابان زدہ ہے
قطرہ خون جگر چشمک طوفان زدہ ہے

ق
گریہ بی لذت کاوش نگری جرات سوز
قطرہ اشک دل بر صف مژگان زدہ ہے

بی تماشا ہیں جمعیت چشم بسمل
مژدہ فال دو جہان خواب پریشان دیدہ ہے

فرصت آئینہ و پرواز عدم ہا یعنی
یک شرر بال دو صد چراغان دیدہ ہے

درس نیرنگ ہی کس موج نگہ کا یارب
غنچہ صد آئینہ زانوی گلستان دیدہ ہے

ساز وحشت زدنی ہا کہ باظہار ہے
دشت در رنگ آئینہ صفحہ افشان دیدہ ہے

خواب غفلت کمینگاہ نظر پنہان ہے
شام سائی میں تاراج سحر پنہان ہے

دو جہان گردش یک سبحہ اسرار نہیں
نقد صد داغ گریبان سحر پنہان ہے

خلوت دل مین نہ کر دخل بجز سجدہ شوق
آستان مین صفت آئینہ در پنہان ہے

فکر پرواز جنون ہی سبب ضبط نہ پوچھ
اشک جون بیضہ مژگان تہ پر پنہان ہے

ہوس ای پیرہ در تہمت بیدردی چند
نالہ در گرد تمنای اثر پنہان ہے

وہم غفلت مگر احرام فسردن باندھے
ورنہ ہر سنگ کی باطن مین شرر پنہان ہے

وحشت دل ہے بہ عالم نہ رنگ نشاط
خندۂ گل بلب زخم جگر پنہاں ہے

ہستی بذوق غفلت ساقی ہلاک ہے
موج شراب یک مژۂ خوابناک ہے

کلفت طلسم جلوۂ کیفیت دگر
زنگار خوردہ آئنہ یک برگ تاک ہے

ہے نشۂ خط و خال ہزار عکس
لیکن ہنوز دامن آئینہ پاک ہے

ہوں خلوت فسردگی انتظار میں
وہ بیدماغ جسکو ہوس بھی تپاک ہے

جز زخم تیغ ناز نہیں دل میں آرزو
جیب خیال بھی ترے ہاتھوں سے چاک ہے

جوش جنوں سے کچھ نظر آتا نہیں اسد
صحرا ہماری آنکھ میں یک مشت خاک ہے

غم و عشرت قدم بوس دل تسلیم آئیں ہے
دعای مدعا گم کردگاں عشق آمیں ہے

تماشائی نامۂ رسوائی آئیں ہے
نقش بی کا نہ جوں میوۂ نازِ رنگیں ہے

لب عیسی کی جنبش کرتی ہی گہوارہ جنبانی
قیامت کشتۂ لعل بتاں کی خواب سنگیں ہے

ہمارا دیکھنا کر تنگ ہی سیر گلستاں کو
نثار آدمی موج صبا داماں گلچیں ہے

بیادم تعزیت بندی مدار عیادت ہے
شب ماتم تہ داماں دود شمع بالیں ہے

زبس خون جگر منت ناگوارا ہی طبیعت پر
کشاد عقدۂ مجنوں ناخن دست نگاریں ہے

نہیں ہی سرنوشت عشق غیر از بدنمائی
جبیں بے سرپر خامۂ قدرت خط چیں ہے

بہار باغ پامال خرام جلوہ فرمایاں
حنا سی دست و خون کشتگاں سی تیغ رنگیں ہے

بیابان فنا ہی بعد صحرای طلب غالب
پسینا توسن ہمت کا سیل خانۂ زیں ہے

دیکھتا ہوں وحشت شوق خروش آمادہ سے
فال رسوائی سرشک سر بہ صحرا دادہ ہے

دام گر سبزی میں پنہاں کیجئی طاؤس ہو
جوش نیرنگ بہار عرض صحرا دادہ ہے

با ترا ب سیل طوفان صدای آب ہی
نقش پا جو کان میں رکھتا ہی انگلی جادہ ہے

ام

بزم مے وحشت کدہ ہے کس کی چشم مست کا
شیشے میں نبض پری پنہاں ہے موج بادہ سے

خیمۂ لیلیٰ سیاہ و خانۂ مجنوں خراب
جوش ویرانی ہے عشق داغ بیرون دادہ سے

بزم ہستی وہ تماشا ہے کہ جس کو ہم اسد
دیکھتے ہیں چشم از خواب عدم نکشادہ سے

قطرہ پرستی و بیکاری خود آرائی
رقیب آئینہ ہے حیرت تماشائی

زخود گذشتہ دل انتظار حیرت ہے
نگہ غبار ادبگاہ جلوہ فرمائی

بچشم در شدہ مژگاں ہے نیش رگ خواب
ہنوز نازکیٔ وحشت شکیبائی

خراب نالۂ بلبل شہید خندۂ گل
ہنوز دعوی تمکین و بیم رسوائی

شکست ساز خیال آں سوی گریہ و غم
ہنوز نالہ پر افشان ذوق عنقائی

ہزار قافلۂ آرزو بیابان مرگ
ہنوز محمل حسرت بدوش خود رائی

وداع حوصلہ توفیق شکوہ عجز وفا
ہنوز [illegible] غرور دانائی

کوشش ہمہ بیتاب تردد شکنی ہے	جنبش دل ایک مژہ برہم زدنی ہے
کو حوصلہ پامرد تغافل ہیں لیکن	ناموسی عاشق گلہ کم سخنی ہے
دی لطف ہوا نے بچمن طرفہ نزاکت	تا آبلہ دعوای تنک پیرہنی ہے
رامشگر ارباب فنا نالۂ نخچیر	عیش اثر خوش روی تن باختنی ہے
ازبسکہ ہے محو چمن تکیہ زدنہا	گلبرگ پر بالش سر و چمنی ہے
آئینہ و شانہ ہمہ دست و ہمہ زانو	ای حسن مگر حسن بجان کنی ہے
فریاد [illegible] بی نگہی ہای بتان ہے	سچ کہتے ہیں واللہ کہ اللہ غنی ہے

کاشانۂ ہستی کہ برانداختنی ہے	یاں سوختنی چارہ گر ساختنی ہے
ہی شعلۂ شمشیر فنا حوصلہ افگار	ای داغ تمنا سپر انداختنی ہے

منت کشی میں حوصلہ بے اختیار ہے
دامان صد کفن تہ سنگ مزار ہے

حیرت طلب ہے بال معمای آگہی
شبنم گداز آئینہ اعتبار ہے

ہے ذرہ ذرہ تنگی جا سے غبار شوق
گر دام یہ ہے وسعت صحرا شکار ہے

خجلت کش وفا کو شکایت نہ چاہئے
اے مدعی طلسم شوق بے غبار ہے

کس کا سراغ جلوہ ہے حیرت کو اے خدا
آئینہ فرش ششجہت انتظار ہے

جوہر کی ہے شبنم آئینہ برگ گل پہ آب
اے عندلیب وقت وداع بہار ہے

کیفیت ہجوم تمنا رسا [illegible]
خمیازہ ساغر مے رنج خمار ہے

کہ اے طاقت تقریر ہے زبان تجھ سے
کہ خامشی کو ہے پیرایہ بیان تجھ سے

فسردگی میں ہے فریاد بیدلان تجھ سے
چراغ صبح و گل موسم خزان تجھ سے

بہار حیرت نظارہ سخت جانی ہے
حنای پای اجل خون کشتگان تجھ سے

پری بہ شیشہ و عکس رخ اندر آئینہ
نگاہ حیرت مشاطہ خون فشان تجھ سے

طراوت سحر ایجادی اثر یکسو
بہار نالہ و رنگینی فغان تجھ سے

چمن چمن گل آئینہ در کنار ہوس
امید محو تماشای گلستان تجھ سے

نیاز پردہ اظہار خود پرستی ہے
جبین سجدہ فشان تجھ سے آستان تجھ سے

بہانہ جوئی رحمت کمین گر تقریب
وفای حوصلہ و رنج امتحان تجھ سے

اسد بموسم گل در طلسم کنج قفس
خرام تجھ سے صبا تجھ سے گلستان تجھ سے

جس جا نسیم شانہ کش زلف یار ہے
نافہ دماغ آہوی دشت تتار ہے

دل مت گنوا خبر نہ سہی سیر ہی سہی
ای بے دماغ آئینہ تمثال دار ہے

زنجیر یاد پڑتی ہے جادے کو دیکھ کر
اوس چشم سے ہنوز نگہ یادگار ہے

بہ طبع نازک خوباں سی وقت سیر باغ
ریشہ زیر زمیں کو بھی دویدن مجھ سے

یار معذور تغافل سی عزیزاں شفقت
نالۂ بلبل کو بس گل شنیدن مجھ سے

مانع بادہ کشی ناداں سی لیکن اسد
بہ ولای ساقی کوثر چشیدن مجھ سے

قتل عشاق نہ غفلت کش تدبیر آوے
یارب آئینہ بطاق خم شمشیر آوے

بال طاؤس سی رعنائی ضعف پرواز
کون سی داغ کہ شعلہ کا عنانگیر آوے

عرض حیرانی بیمار محبت معلوم
عیسی آخر بکف آئینہ تصویر آوے

ذوق راحت اگر احرام تپش ہو جوں شمع
پای خوابیدہ بدلجوی شبگیر آوے

اوس بیاباں میں گرفتار جنوں ہوں کہ جہاں
موجۂ ریگ سی دل پای بزنجیر آوے

وہ گرفتار خرابی ہوں کہ فوارہ نمط
سیل صیاد کمیں خانۂ تعمیر آوے

سر معنی بگریبان شق خامہ اسد
چاک دل شانہ کش طرۂ تحریر آوے

تا چند نفس غفلت هستی سپر آید
تا صد تپش ناله یا رب جگر آید

بی طاق فراموشی سودای دو عالم
دو سنگ که گلدسته جوش شرر آید

در دامنه کیفیت صد رنگ بهار
خمیازه طرب ساغر زخم جگر آید

جمعیت آوارگی دیده مپوئید
دل تا مژه آغوش و داغ نظر آید

ای هرزه دوی منت تمکین جنون کهنج
تا آبله محملکش موج گهر آید

زاهد که چون سبحه تحقق یا رب
زنجیر بی صد حلقه برون در آید

و تشنه سرشار تمنا بون که جستجو
هر ذره به کیفیت ساغر نظر آید

تمثال بتان گر نگهی پنبه مرهم
آئینه به عریانی داغ جگر آید

هر غنچه بازکه شوکت کلاهی
دل فرش ره نازی بیدل اگر آید

آئینہ کیوں نہ دوں کہ تماشا کہیں جسے ‏ ‏ ‏ ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجھ سا کہیں جسے

ہے انتظار سے شرر آباد رستخیز ‏ ‏ ‏ مژگان کوہکن رگ خارا کہیں جسے

حسرت نے لا رکھا تری بزم خیال میں ‏ ‏ ‏ گلدستہ نگاہ سویدا کہیں جسے

کس فرصت وصال پہ ہے گل کو عندلیب ‏ ‏ ‏ زخم فراق خندہ بیجا کہیں جسے

ہے تار و پود فرش تبسم بزم عیش ‏ ‏ ‏ صبح بہار پنبہ مینا کہیں جسے

پھونکا کسی نے گوش محبت میں اے خدا ‏ ‏ ‏ افسون انتظار تمنا کہیں جسے

یارب ہمیں تو خواب میں بھی مت دکھائیو ‏ ‏ ‏ یہ محشر خیال کہ دنیا کہیں جسے

سر پر ہجوم درد غریبی سے ڈالیے ‏ ‏ ‏ وہ ایک مشت خاک کہ صحرا کہیں جسے

ہے چشم تر میں حسرت دیدار سے نہاں ‏ ‏ ‏ شوق عنان گسیختہ دریا کہیں جسے

غالب برا نہ مان جو واعظ برا کہے ‏ ‏ ‏ ایسا بھی کوئی ہے کہ سب اچھا کہیں جسے

شبنم بہ گل لالہ نہ خالی ز ادا ہے
داغ دل بے درد نظر گاہ حیا ہے

دل خون شدہ کشمکش کثرت اظہار
آئینہ بدست بدست حنا ہے

تمثال میں تیری ہی وہ شوخی کہ بصد ذوق
آئینہ بہ انداز گل آغوش کشا ہے

قمری کف خاکستر و بلبل قفس رنگ
ای نالہ نشان جگر سوختہ کیا ہے

مجبوری و دعوای گرفتاری الفت
دامن تہ سنگ آمدہ احرام وفا ہے

سر رشتہ بیتابی دل در گرہ عجز
پرواز بخون خفتہ و فریاد رسا ہے

ای پرتو خورشید جہانتاب ادہر بہی
سایی کی طرح ہم پہ عجب وقت پڑا ہے

معلوم ہوا حال شہیدان گذشتہ
تیغ ستم آئینہ تصویر نما ہے

بیگانگی خلق سی بیدل نہو غالب
کوئی نہیں تیرا تو مری جان خدا ہے

اگر گل حسن و الفت کی بہم جوشیدنی جانے
پر بلبل کی افسردن کو دامن چیدنی جانے

فسون حسن سے شوخی کا گونہ آرائے
بہار آوارگی کف مشاطہ میں بالیدنی جانے

نوائے بلبل و گل پاسبان بیدماغی ہے
بنا نرمی کا خوبان صبح چمن خوابیدنی جانے

زہی شبنم دو اشطار ستان کی جنبش ہے
مژہ در ہچک یہ سوزن آپاچیدنی جانے

خوشا شوقی کہ جوش حیرت انداز دل ہے
نگہ شمشیر میں جوہر آرامیدنی جانے

جفا شوخ و ہوس گستاخ طاقت بے نیا عشق
نفس در قالب خشت لحد دزدیدنی جانے

نوائے طایران آشیان گم کردہ آتی ہے
تماشائے کہ رنگ رفتہ برگردیدنی جانے

— جان مرا لطافی کہ ہنگام ہم آغوشی ہے
زبان ہر سر مو حال دل پرسیدنی جانے

سوختگانی خاکمیں نقش داغ ہے
آئینہ نشان جمال اشک گل چراغ ہے

لطف نامہ کو ہی ز دل ہمہ گداز
پنبہ شیشہ شراب کف لب ایاغ ہے

منت صنعا طبع سی جلوہ نا سوتن | داغ دل سینہ لالان مردم چشم چراغ ہے

نہ بخت یار مہربان عیش بکا بی ان | دلسی اٹھی جو غبار گرد سواد باغ ہے

شعر کی فکر کو سپاسی بنی اوس دماغ | نہ رکہ قند دل بد او بیدماغ ہے

رباعی

بعد از اتمام بزم عید اطفال | ایام جوانی سی رہی سانہ خوش حال

آ پہنچے ہیں تا سواد اقلیم عدم | ای عمر گذشتہ یک قدم استقبال

رباعی

ہر چند کہ دوستی میں کامل ہونا | ممکن نہیں یک زبان و یکدل ہونا

میں تجہ سی او مجہ سی تو پوشیدہ | ہی مفت نگاہ کا مقابل ہونا

بیت

شب زلف و رخ عرق فشاں کا غم تھا | کیا شرح کروں کہ طرفہ تر عالم تھا

رویا میں ہر اک کہ سی تیغ نگہ | ہر قطرۂ اشک چشم خشم تھا

رباعی

دل تھا کہ جو جان درد تمہید ہے | بیتابی رشک و حسرت دید ہے
ہم اور فسردن ای تجلی افسوس | تکرار روا نہیں تو تجدید ہے

رباعی

ساماں ہر ار جستجو نعمی دل | ساغر کش خون آرزو یعنی دل
پشت ورخ آئینہ ہی یک دنیا | منظور ہی دو جہاں سی تو یعنی دل

رباعی

ای کاش تبا نگاہ خنجر سینہ شکاف | پہلوی حیات سی کد رہتا با صاف
ایک تسمہ لگا رہا کہ تار رگ جنند | رہسی نہ شقت کدائی سی معاف

رباعی

مشکل ہے زبس کلام میرا اے دل ‏ ‏ سن سن کے اسے سخنوران کامل

آسان کہنے کی کرتے ہیں فرمائش ‏ ‏ گویم مشکل وگر نگویم مشکل

[illegible]

[illegible]

ہے تغافل پردہ دار راز عشق
پر ایسے کھوئے جاتے ہیں کہ وہ پا جائے

جلوہ ... غالب
کہو دیا سطوت اسماں جلد ...